✿گوشہ علمی و تعلیمی خبریں✿

مرتب: پروفیسر ڈاکٹر فرحت عظیم۔ڈاکٹر مسز بشریٰ بیگ

ڈاکٹر صلاح الدین ثانی کو وفاقی وزارت امور نوجوان کی جانب سے نیشنل جناح ٹیلنٹ یوتھ ایوارڈ ۲۰۱۰ء دیا گیا:

مورخہ ۱۱۔۵۔۱۸ کو کراچی جیم خانہ میں منعقدہ شاندار تقریب میں علمی و تدریسی و تصنیفی خدمات پر دیگر پانچ نوجوانوں کے ساتھ انعامی چیک، ایوارڈ و سرٹیفکیٹ دیئے گئے، جس کی خبریں ٹی وی کے متعدد چینلز اور تمام اخبارات نے شائع کیں۔اس حوالہ سے روزنامہ جنگ کراچی نے ۱۹ مئی ۲۰۱۱ء کو درج ذیل خبر شائع کی۔

صوبائی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی رضا ہارون نے کہا ہے کہ ملکی اور بین الاقوامی صورتحال میں جہاں ہمارے نوجوانوں کو دہشت گرد اور انتہا پسند کہا جارہا ہے، ایسے میں نیشنل یوتھ ایوارڈز اس الزام کا عملی جواب ہے کہ ہمارا نوجوان کتنا باصلاحیت اور قابل ہے، اوران کی قابلیت اور خدمات کا اعتراف قومی اور سرکاری سطح پر کیا جارہا ہے۔یہ بات انہوں نے بدھ کو کراچی جیم خانہ میں نیشنل یوتھ ایوارڈز کی تقریب تقسیم انعامات سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔تقریب سے سیکریٹری یوتھ افیئرز سندھ شعیب احمد صدیقی اور ڈائریکٹر یوتھ افیئر زسندھ خورشید علی شاہ نے بھی خطاب کیا۔صوبائی وزیر نے کہا کہ یہ بڑی بدقسمتی ہے کہ ماضی میں سائنسی اور تکنیکی تعلیمات پر بہت زیادہ توجہ نہیں دی گئی، مگر محکمہ امور نوجوانان نے نوجوانوں کو فراموش نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ نوجوان ہمارا اثاثہ ہیں۔بعدازاں رضا ہارون نے جیتنے والے چھ نوجوانوں میں ۵۰۔۵۰ ہزار روپے کے انعامات، شیلڈز اور سرٹیفکیٹ تقسیم کئے۔جیتنے والے اسامہ احمد اعوان، محمد وقار، ذوہیب اقبال، راس پرکاش مہتانی، سیدہ امام واحد علی، پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی (چیف ایڈیٹر) کو ماحولیات، تعلیم سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، امن اور نعت اور قرأت، ثقافت کے شعبوں میں ایوارڈز دیئے گئے۔

جامعۃ الازہر میں مولانا ابوالکلام آزاد رحمہ اللہ پر سیمینار اور تقریری مقابلوں کا انعقاد:

جامعۃ ازہر کی فیکلٹی کلیۃ اللغات و الترجمہ کے شعبہ قسم اللغۃ الاردیۃ اور ہندوستان کے ثقافتی کلچر (مرکز مولانا آزاد الثقافی الھندی) کے اشتراک سے پیر ۶ دسمبر ۲۰۱۰ء کو جامعہ ازہر میں مذکورہ فیکلٹی کے آڈیٹوریم میں ایک سیمینار کا اہتمام کیا گیا، جس میں چیف ایڈیٹر علوم اسلامیہ نے بھی شرکت کی، صدر شعبہ اردو پروفیسر ڈاکٹر احمد محمد قاضی صاحب نے اردو میں استقبالیہ کلمات کہے، اور عربی میں سیمینار کے عنوان ''مولانا ابوالکلام آزاد الثقافیۃ'' کے حوالے سے مولانا ابوالکلام آزاد کا مختصر تعارف پیش کیا، جس کے بعد ہندوستان کے سفیر نے رومن عربی میں خطاب کیا، سفیر صاحب کیلئے عربی مترجم کا بھی انتظام کیا گیا تھا۔ موصوف نے اپنے خطاب میں ابوالکلام آزاد اور مصر و ہند کے تعلقات پر روشنی ڈالی اور مصری طلباء کو ہند میں تعلیم حاصل کرنے کی دعوت دی۔ عمید کلیہ کی جانب سے سفیر کو کتب کا تحفہ پیش کیا گیا۔ پھر نائب رئیس الازہر دکتور علی الدین ہلالی نے خطاب کیا اور ابوالکلام آزاد کی خدمات کو سراہنے کے ساتھ قائداعظم و قیام پاکستان کو غیر مناسب انداز میں بیان کیا۔

قبل ازیں انڈیا کے مرکز الثقافی کی جانب سے طلباء کے ابوالکلام آزاد کی شخصیت پر تقریری مقابلے منعقد کرائے گئے تھے۔ اور طلباء کو تین تین ہزار دو دو ہزار اور ایک ایک ہزار مصری پاؤنڈ کے دو دو انعامات دیئے گئے تھے۔ (ایک پاؤنڈ پاکستانی ۱۶ روپے کے برابر ہے)

سفیر کی جانب سے نائب رئیس جامعہ ڈین اور صدر شعبہ کو یادگاری ایوارڈ دیا گیا، اور مذکورہ افراد کو گولڈ میڈل بھی دیئے گئے، تمام شرکاء کانفرنس کی سفیر کی جانب سے ناشتہ سے تواضع کی گئی، چیف ایڈیٹر کی جانب سے صدر شعبہ اردو کو تجویز پیش کی گئی کہ اسی طرح ۲۵ دسمبر کو قائداعظم ڈے منایا جائے اور پاکستان ایمبیسی خود اسپانسر کرے یا کسی سے کروائے، جامعہ ازہر اور سفارتخانہ کا متعلقہ ابتداء اس پر تیار بھی ہوگیا، معلوم ہوا کہ سفیر صاحبہ نے بھی نیم آمادگی ظاہر کی تھی، لیکن دست غیبی کے سبب، اس پر عمل نہ ہوسکا، اور یہ قومی نہیں ملی المیہ ہے، میری ساری کوشش ضائع ہوگئی، جس کا مجھے افسوس ہے۔

نیا چینی سال یکم جنوری سے نہیں شروع ہوتا۔ ۲۰۱۱ء خرگوش کا سال ہے:

نیا چینی سال ۳۔فروری سے شروع ہو رہا ہے، چینی کلینڈر کے مطابق یہ سال خرگوش کا سال ہے۔ چین کے نئے سال کی شروعات چینی کلینڈر سے ہوتی ہے، جس میں گریگورین اور قمری وشمسی کلینڈر کا نظام شامل ہوتا ہے، چونکہ ہر سال چاند کی روشنی تبدیل ہو جاتی ہے، اس لئے نیا چینی سال جنوری کے اواخر یا فروری کے وسط میں کسی بھی وقت شروع ہو سکتا ہے۔ ذیل میں نیا چینی سال شروع ہونے اور ہر سال کے جانور کے نام کا چارٹ پیش کیا جا رہا ہے، کیا پاکستان میں دیگر اسلامی ملکوں کی طرح یکم محرم سے نئے سال کا آغاز نہیں ہوسکتا ہے؟

سال	چینی نیا سال شروع ہونے کی تاریخ	جانور کا نام
۲۰۰۸	۷فروری	چوہا
۲۰۰۹	۲۶جنوری	بیل
۲۰۱۰	۱۴ فروری	شیر/ٹائیگر
۲۰۱۱	۳فروری	خرگوش
۲۰۱۲	۲۳جنوری	ڈریگن
۲۰۱۳	۱۰ فروری	سانپ
۲۰۱۴	۳۱جنوری	گھوڑا
۲۰۱۵	۱۹ فروری	بھیڑ
۲۰۱۶	۸فروری	بندر
۲۰۱۷	۲۶فروری	مرغی
۲۰۱۸	۱۶ فروری	کتا

(بحوالہ:۳فروری ۲۰۱۱ء، روزنامہ جنگ کراچی)

رپورٹ قومی سیرت النبی ﷺ زیر اہتمام وفاقی وزارت مذہبی امور اصلاحات وتجاویز:

پچھلے سالوں کی طرح اس سال بھی ۱۲۔ ربیع الاوّل کو وفاقی وزارت مذہبی امور نے قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد کیا، لیکن یہ کانفرنس پچھلی کانفرنسوں سے بہت ممتاز ومختلف تھی، وزارت مذہبی امور کے متعصب فرقہ پرست سابق وفاقی وزیر حامد سعید کاظمی جوحج جیسے

مقدس کام میں کرپشن میں ملوث ہو کر اپنے والد و خاندان کی نیک نامی کو دھبہ لگانے کا ذریعہ بنے ہیں اور آج کل جیل میں وقت گزار رہے ہیں، موصوف اپنے دور میں ایک ہی فرقہ کو نوازنے میں مصروف رہے، اور غیر منتخب و کراچی کے عوام کے مسترد کردہ شخص حاجی حنیف طیب کی مشاورت کے ذریعہ وزارت کو چلا رہے تھے، بلکہ پیپلز پارٹی کے زیر سایہ اپنی پارٹی کو منظم کر رہے تھے، بالآخر وزیر اعظم صاحب جو موصوف کو لائے تھے انہوں نے ہی وزارت سے برطرف کیا۔

موصوف کی رخصتی کے بعد جناب خورشید شاہ صاحب کو وزارت کا قلمدان دیا گیا آپ نے وزارت کا قلمدان سنبھالتے ہی دو شاندار پروگراموں کا انعقاد کیا، پہلا ''علماء و مشائخ کانفرنس'' دوسرا ''قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس''

سیرت النبی ﷺ کانفرنس میں چاروں صوبوں سے تمام مکاتب فکر کے علماء و مشائخ اور یونیورسٹیز و کالجز کے پروفیسرز اور معروف شخصیات کو بڑے پیمانہ پر مدعو کیا گیا، بلکہ یہ کہا جائے کہ پچھلے پندرہ سالوں سے (جب سے میں خود شریک ہو رہا ہوں) یہ سب سے بڑی کانفرنس تھی۔

شاہ صاحب نے اپنے دل کی طرح وزارت کے دروازے بھی سب کے لئے کھول دیئے اور خطاب کے لیے بھی تمام مکاتب فکر کے نمائندوں کو موقع دیا گیا۔ جسے تمام حاضرین نے سراہا۔

کانفرنس سے وزیر اعظم گیلانی صاحب، خورشید شاہ صاحب، وفاقی وزیر مذہبی امور نے خصوصی خطاب کیا اور وزیر اعظم کے دست مبارک سے سیرت النبی ﷺ ایوارڈ دیئے گئے، چیف ایڈیٹر نے جملہ احباب کے ساتھ شرکت کی۔

پریزیڈنٹ ہاؤس میں قومی سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد اور صدر مملکت کا خطاب

۱۲۔ ربیع الاوّل کی شام وفاقی وزارت مذہبی امور کی جانب سے پریزیڈنٹ ہاؤس میں سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا اہتمام کیا گیا، جس سے صدر مملکت نے خطاب کیا، سیرت نگاروں کو انعامات دیئے اور عمرہ کرانے کا اعلان کیا، اس پروگرام میں فقط خاص خاص افراد کو مدعو کیا گیا تھا۔ چیف ایڈیٹر نے احباب کے ساتھ شرکت کی۔

وزارت مذہبی امور کے قابل قدر اقدامات

وزارت نے ہر سال کی طرح اس سال بھی سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا انعقاد کیا اور سیرت طیبہ ﷺ کے فروغ کے لئے بہتر اقدامات کئے۔ وزارت نے اسلامیات پر لکھے گئے پی ایچ ڈی تھیسس پر بھی انعامات دیئے یہ گوشہ اگرچہ اشتہار میں شامل نہیں تھا، لیکن اچھا قدم تھا۔

وزارت مذہبی امور کے قابل اصلاح اقدامات

☆ وزارت نے دعوت نامے بہت تاخیر سے جاری کئے، دعوت نامہ پر قیام وطعام کی ذمہ داری لی گئی تھی، جبکہ صورت حال یہ تھی ایئر پورٹ پر وزارت کا نہ استقبالیہ کمپ تھا، نہ کوئی فرد نہ مہمانوں کو ہوٹل تک پہنچانے کا انتظام تھا، نہ ہوٹلوں میں قیام وطعام کا انتظام تھا مہمانوں کو خود ہی اپنے لئے جملہ انتظامات کرنے تھے، اس میں مردوں کے ساتھ خواتین بھی شامل تھیں۔

☆ یہی بدانتظامی کانفرنس کے دن دوپہر کے کھانے میں دیکھی گئی۔

☆ یہی بدانتظامی کانفرنس ہال کے باہر سیکورٹی کلیرنس میں دیکھی گئی، جہاں علماء کے ساتھ ناروا سلوک کا مظاہرہ کیا جارہا تھا۔

☆ یہی بدانتظامی کانفرنس کے اختتام پر ٹی اے ڈی اے کی ادائیگی کے وقت نظر آئی لوگوں نے عدم ادائیگی کے خلاف مظاہرہ کیا اور ٹی وی پر خبریں نشر ہوئیں۔

☆ وزارت سیرت النبی ﷺ پر طلب کردہ مقالات وکتب کو جانچنے کے لئے تمام ممتحن اسلام آباد سے منتخب کرتی ہے، خاص کر سندھ و بلوچستان سے کسی کو ایکسپرٹ وایگزامنر مقرر نہیں کیا جاتا ہے ہم پچھلے دس سالوں سے مطالبہ کر رہے ہیں، ہر مقابلہ کی کیٹیگری کے لئے چار چار ایگزامنر مقرر کئے جائیں اور چاروں صوبوں سے ایک ایک لیا جائے، اور جس شخص کو ایک کیٹیگری میں منصف مقرر کیا جائے، اسے دوسری کیٹیگری میں منصف وایگزامنر نہ مقرر کیا جائے تاکہ انعامات کا فیصلہ شفاف طریقہ سے ہو، جن پی ایچ ڈی مقالات پر انعامات دیئے گئے ہیں، ان کا صرف ...

یونیورسٹی سے تعلق تھا، پنجاب اور اوپن یونیورسٹی سندھ کی کسی یونیورسٹی سے کسی مقالہ کو انعام نہیں دیا گیا۔ لہٰذا ۲۰۱۱ء کے اشتہار میں اس کٹیگری کا اضافہ کر کے پورے ملک سے پی ایچ ڈی مقالے طلب کئے جائیں اور خواتین و مردوں کو جدا جدا چاروں صوبوں سے انعامات دیئے جائیں۔

جناب مفتی غلام الرحمٰن صاحب مدظلہ العالی سے تعزیت:

جناب والا آپ کے مجلّہ ماہنامہ العصر سے آپ کے والد گرامی حاجی شمس الرحمٰن صاحب رحمہ اللہ علیہ کے انتقال کی خبر سے آگاہی ہوئی۔ کل نفس ذائقة الموت

میں اپنی اور جملہ عہدیداران و احباب کی جانب سے دعا کرتا ہوں اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے، اور اپنے جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے، جنت الفردوس کو ان کا ٹھکانہ بنائے۔

جملہ اعزاء و اقرباء کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

ہم سب آپ کے اس دکھ میں برابر کے شریک ہیں اور دعاء کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کا خاتمہ ایمان پر فرمائے۔ (آمین)

پروفیسر مولانا شمس الدین صاحب سے اظہار تعزیت:

پروفیسر مولانا شمس الدین صاحب جو ایک سال قبل گورنمنٹ ایس ایم آرٹس کالج کراچی سے ریٹائرڈ ہوئے ہیں، موصوف کو انجمن اساتذہ کی جانب سے ریٹائرمنٹ پر شاندار علمی و تدریسی خدمات پر ''حسن کارکردگی'' ایوارڈ سے بھی نوازا گیا تھا۔ موصوف خود بھی کافی عرصہ سے علیل ہیں، پچھلے دنوں مولانا کے نوجوان صاحبزادہ معراج اسلام الدین صاحب رحمہ اللہ علیہ جو کہ پاکستان نیوی میں ملازم تھے، قضاء الٰہی سے رات کو سوئے ہیں صبح دیکھا گیا تو وفات پا چکے تھے نہ کوئی بیماری تھی نہ کوئی حادثہ و ظاہری سبب بنا، قضاء و قدر کے عجب معاملات ہیں۔ رب کائنات انسان کو اپنے سے قریب کرنے کے لئے ہر شخص سے جدا معاملات کرتا ہے۔

ہم بحیثیت انسان و مسلمان کے رب کی رضا پر راضی رہیں، یہی مقام صبر و ورضا ہے، میں اپنی جانب سے جملہ عہدیداران و علوم اسلامیہ کے اساتذہ کی جانب سے دعاء گو ہوں اللہ

تعالیٰ موصوف کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے، پروفیسر شمس الدین صاحب اور جملہ اہل خانہ اعزاء واقرباء کو صبر جمیل عطا فرمائے، اور دنیا و آخرت میں اس کا متبادل عطا فرمائے۔ (آمین)

پروفیسر حبیب النبی صاحب سے اظہار تعزیت:

پروفیسر حبیب النبی صاحب جو کہ جامعہ ملیہ ملیر میں اسلامیات کے پروفیسر ہیں، انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ سے وابستگی رکھتے ہیں اور مختلف پروگراموں میں شریک ہوتے رہے ہیں، ۲۰۱۰ء میں موصوف کے والد صاحب کا انتقال ہوگیا، انجمن کے تمام عہدیداران اور ممبران کی جانب سے ہم دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں، اور دعاء گو ہیں اللہ تعالیٰ موصوف کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

پروفیسر نیلوفر شاہ صاحبہ سے اظہار تعزیت:

پروفیسر نیلوفر شاہ صاحبہ پرنسپل گورنمنٹ گرلز کالج ہیں اور جامعہ کراچی کے بورڈ آف اسٹڈیز کی ممبر ہیں، پچھلے دنوں محترمہ کی والدہ صاحبہ کا انتقال ہوگیا، جملہ اساتذہ علوم اسلامیہ آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، اور دعا گو ہیں اللہ تعالیٰ موصوفہ کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور جملہ متعلقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

پروفیسر ڈاکٹر ریحانہ فردوس صاحبہ چیئرپرسن شعبہ معارف اسلامیہ جامعہ کراچی سے اظہار تعزیت:

موصوفہ کے سسر صاحب کا پچھلے دنوں قضاء الٰہی سے انتقال ہوگیا، سسر صاحب پچھلے پانچ سالوں سے صاحب فراش تھے، ڈاکٹروں نے جواب دے دیا تھا۔

ڈاکٹر صاحبہ نے طویل عرصہ تک ایسے خدمت کی جیسے سگے والدین کی کی جاتی ہے، یقیناً یہ بڑی سعادت اور اُخروی اجر وثواب کا باعث ہے، اس خدمت کے ساتھ تصنیف وتالیف ودیگر امور کو انجام دینا بڑی ہمت کی بات ہے، انجمن اساتذہ علوم اسلامیہ کالجز کراچی کے جملہ عہدیداران وممبران ڈاکٹر صاحبہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، اور دعاء گو ہیں اللہ تعالیٰ مرحوم کی

مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں جگہ عنایت فرمائے، اور ڈاکٹر صاحبہ سمیت جملہ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

وفاقی وزارت مذہبی امور کے زیر اہتمام علماء ومشائخ کانفرنس ۲۰۱۱ء

رپورٹ: پروفیسر محمد مشتاق کلوٹا

پاکستان کے دارالخلافہ اسلام آباد میں علماء ومشائخ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ملک بھر سے جید علماء کرام کو مدعو کیا گیا، جنہوں نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ دہشت گردی، عدم برداشت، انتہاپسندی اور تشدد کے بڑھتے ہوئے رجحان کو روکنے کے لئے ''مذہبی رواداری'' کے عنوان سے کانفرنس کا انعقاد کرے، حکومت پاکستان نے ایک قابل تحسین قدم اٹھایا، جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ مذہبی رواداری کی سب سے زیادہ ضرورت آج کے دور میں ہے۔ آڈیٹوریم نیشنل لائبریری کے اسٹیج پر وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سید خورشید احمد شاہ، وزیر مملکت برائے مذہبی امور شگفتہ جمانی، سیکریٹری مذہبی شوکت حیات درانی تشریف فرما تھے۔ کانفرنس کا آغاز قاری بزرگ شاہ الازہری نے سورہ المائدہ کی آیت نمبر ۴۸ کی تلاوت سے کیا، اور بعد از تلاوت سید زوہیب مسعود نے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی۔ جس کے بعد سیکریٹری مذہبی امور شوکت حیات درانی نے وزارت مذہبی امور کی جانب سے سپاس نامہ پیش کیا۔ انہوں نے سپاس نامہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ ''یہ ایک موضوع ہے، معاشرے میں عدم برداشت کا رجحان بڑھتا جارہا ہے اور ایک ناسور کی حیثیت اختیار کر گیا ہے۔ اس پر غور وفکر کی ضرورت ہے۔ ۱۹۷۳ء میں متفقہ جمہوری آئین تشکیل پایا۔ حقیقی اسلامی تعلیمات کا فروغ مذہبی امور کے فرائض میں شامل ہے۔ اس وقت مسلمانوں کی تعداد ڈیڑھ ارب ہے جب کہ غیر مسلموں کی تعداد تقریباً ساڑھے پانچ کروڑ ہے۔ انسان کا مذہبی حوالے سے جذباتی ہونا ایک فطری عمل ہے۔ ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم دوسرے مذاہب کا احترام کریں اور برائی کا قلع قمع کریں۔

وفاقی وزیر مذہبی امور کا خطاب: اس کے بعد وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سید خورشید احمد شاہ نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ وزیر اعظم کے بے حد شکر گزار ہیں

کہ انہوں نے اپنے مصروفیات میں سے وقت نکالا۔ انہوں نے کہا کہ یہ موضوع دنیا کے موجو حالات میں اہمیت کا حامل ہے۔ انسان ہی انسان کا دشمن ہے۔ انسان دہشت گردی کا شکار ہور ہے۔ اگر آج کے دور میں تمام مذاہب اپنے ماننے والوں کو اچھائی کی طرف راغب کر دیں تو یقیناً انسانیت کا قتل عام بند ہوسکتا ہے۔ عالمی دہشت گردی کے خاتمے اور انسانی مسائل کے حل کے لئے سنجیدہ کوششیں کرنی ہونگی۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ ٹھوس منصوبہ بندی کی جائے، مختلف مذاہب کا احترام کیا جائے، اقلیتوں کو تحفظ دیا جائے اوزان کے حقوق ادا کئے جائیں۔ اسلام امن، سلامتی اور عدل کا مذہب ہے۔ امن عامہ کے فروغ کے لئے مسلمانوں کے ساتھ دوسرے مذاہب کا ویسا احترام کرنا ہوگا جس طرح دین اسلام ہمیں سکھاتا ہے۔

وزیر مملکت مذہبی امور کا خطاب: وزیر مملکت برائے مذہبی امور شگفتہ جمانی نے علماء مشائخ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذہبی رواداری کا موضوع ہمیشہ سے توجہ طلب رہا ہے۔ اگر آپس میں مفاہمت اور مذہبی رواداری اختیار کرلی جائے تو اس سے ایک دوسرے کو قریب لاتے ہوئے مختلف ثقافتی سرگرمیوں کو پنپنے کا موقع ملتا ہے۔ اسلامی اقدار کو فروغ دینا ہماری اولین ترجیح ہے۔

اسلام امن و آشتی کا دین ہے۔ اس کا اہم مقصد یہ بھی ہے کہ بنی نوع انسان پر سلامتی کی راہیں کھول دی جائیں۔ قرآن کریم ہر اس چیز کو معروف قرار دیتا ہے جس سے معاشرہ میں اچھائی جھلکتی ہے۔ اسلام کے بنیادی اصولوں کی روشنی میں ایک ایسا معاشرہ تشکیل دیا جائے جو کہ مثالی ہو، ہمیشہ سے علماء کرام نے قوم کی رہنمائی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے بھی ہمیشہ مفاہمت اور رواداری کا درس دیا۔

وفاق المدارس کے جنرل سیکریٹری کا خطاب: اس کے بعد ملک بھر سے آئے ہوئے جید علماء کرام کا خطاب شروع ہوا، جس میں سب سے پہلے قاری محمد حنیف جالندھری (جنرل سیکریٹری وفاق المدارس) کو خطاب کے لئے مدعو کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام رواداری، رحمت، محبت، امن و آشتی کا مذہب ہے۔ یہ عالمگیر دین ہے، اسلام وہ واحد دین ہے جو رواداری اور ہم آہنگی کا دین ہے اور یہ دین سب سے زیادہ رواداری پر زور دیتا ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک تمام انبیاء علیہ السلام پر ایمان لانا ہم سب پر

فرض ہے اور ہمارا ایمان اس وقت تک مکمل نہیں ہوتا جب تک ہم انبیاء اور دیگر کتب آسمانی پر ایمان نہیں لاتے۔ قرآن کریم نے مختلف انبیاء کرام کا ذکر کیا ہے۔ قرآن کریم کے اندر ایک سورت ہے جو کہ حضرت مریمؑ کے نام پر ہے۔ اسی قرآن میں ہمیں حضرت مریمؑ اور اس حضرت آسیہ کا تذکرہ ملتا ہے۔ اسلامی تاریخ مذہبی رواداری کے بے شمار واقعات سے بھری ہوئی ہے۔ عیسائیوں کے ساتھ معاہدات کیے، اس حوالے سے معاہدہ نجران مشہور و معروف ہے۔ عیسائیوں کا ایک وفد جب نجران سے مدینہ منورہ آیا، تو آپ ﷺ نے انہیں مسجد نبوی ﷺ میں ٹھہرایا اور انہیں اپنے مذہبی طریقے سے عبادت کرنے کی اجازت دی، یہاں تک کہ یہودی کا جنازہ گزرا تو اس کے لئے بھی احتراماً کھڑے ہوگئے۔ اسلام صرف مکالمہ اور بات چیت پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ پر امن بقائے باہمی کا درس دیتا ہے۔ قرآن کریم میں موجود ہے کہ لا اکراہ فی الدین آپ ﷺ نے کبھی بھی زبردستی نہیں کی، بلکہ ہمیشہ رواداری سے کام لیا اور کبھی خود سے معاہدات کو نہیں توڑا۔ آج مفاہمت اور رواداری کی ضرورت پہلے سے زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا غیروں میں جو یہ نظریہ پایا جاتا ہے کہ مذہب کو سوسائٹی سے الگ کر دیا جائے اب وہ معدوم ہوتا جا رہا ہے، اور اقوام غیر دوبارہ مذہب کی طرف لوٹ رہی ہے، جس طرح اکبر نے ''دین الٰہی'' کو متعارف کرایا تھا، آج پھر اس کا تجربہ کیا جا رہا ہے کہ ایک ہی چھت کے نیچے عیسائی، یہودی، مسلمان عبادت کرتے نظر آتے ہیں مگر یہ تجربہ بھی ناکام ہوگیا اور توجہ حاصل نہیں کرسکا ضروری ہے کہ ہر طبقہ اپنے اپنے عقیدے پر قائم رہے اور دوسرے کے وجود کو خندہ پیشانی سے تسلیم کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان وہ واحد ملک ہے جہاں اقلیتوں کو مکمل حقوق حاصل ہیں، بلدیاتی اداروں سے لے کر ایوان بالا تک اقلیتوں کے لئے نشستیں اور ملازمتوں میں کوٹہ مخصوص ہے۔ پاکستان کے لئے جدت اور شدت دو بڑے چیلنج ہیں۔ جدت نے اجتہاد کو اور شدت نے جہاد کو سوالیہ نشان بنا دیا ہے۔

وزیراعظم کا خطاب: کانفرنس کے آخر میں وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے خطاب کیا اور مختلف علماء کرام کی جانب سے اٹھائے گئے سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ اس اہم موقع پر وزیراعظم پاکستان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قومی اور بین الاقوامی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے کانفرنس کا انعقاد شاندار قدم ہے۔

علماء کرام سے مخاطب ہوتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن، عدلیہ اور انتظامیہ جب میری بات مان لیتی ہیں تو علماء کرام میری بات کیوں نہیں مانتے؟ قانون پر عمل درآمد سے ہی سب کے حقوق کا تحفظ ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ "ناموس رسالت ﷺ قانون میں تبدیلی نہیں ہوگی" لیکن کسی بھی قانون کا غلط استعمال نہیں ہونا چاہئے اور نہ کرنے دیں گے۔ تشدد کے واقعات سے پاکستان کی بدنامی ہوتی ہے اور مغرب میں ان واقعات کو اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاتا اس سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لئے بھی مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔ لہٰذا ضرورت اس بات کی ہے کہ اسلام کا صحیح تشخص اجاگر کیا جائے، جس ملک میں آئین اور قانون پر عمل نہیں ہوتا وہاں جنگل کا قانون ہوتا ہے کیا آپ چاہتے ہیں کہ یہاں بھی جنگل کا قانون ہو اور آئین نہ ہو۔ قانون پر عمل درآمد نہیں ہوگا تو کسی کے حقوق کا تحفظ نہیں ہوسکتا۔

بحیثیت مجموعی یہ شاندار کانفرنس تھی، اور پہلی مرتبہ وزارت کی جانب سے مہمانوں کی تواضع کا شاندار انتظام کیا گیا، ڈاکٹر صلاح الدین ثانی، مفتی فیروز الدین ہزاروی و دیگر علماء نے شرکت کی، ایسی کانفرنس ہر سال منعقد ہونی چاہئے۔

چیف ایڈیٹر کا علماء و مشائخ کنونشن ۲۰۱۱ء پر تبصرہ

وفاقی وزارت مذہبی امور میں خوش گوار جھونکا اس وقت آیا جب سابق کرپٹ وفاقی وزیر حامد سعید کاظمی صاحب کو ان کے منصب سے برطرف کر کے جناب خورشید شاہ صاحب کو وزارت کا قلمدان سونپا گیا۔

شاہ صاحب وسیع الفکر اور وسیع النظر شخصیت ہیں، اس سے قبل بھی اس منصب کا بہتر انداز میں حق ادا کر چکے ہیں۔ موصوف نے قلمدان سنبھالتے ہی شاندار قدم اٹھایا اور جنوری ۲۰۱۱ء مذہبی رواداری کے عنوان پر علماء و مشائخ کانفرنس کا انعقاد کیا، اس کانفرنس میں چاروں صوبوں سے جملہ مکاتب فکر کے بڑے بڑے علماء و مشائخ موجود تھے اور تمام مکاتب فکر کو مساویانہ انداز میں خطاب کی دعوت دی گئی۔

اس کانفرنس کا بھرپور و خصوصی خطاب جناب مولانا حنیف جالندھری صاحب ناظم وفاق المدارس پاکستان کا تھا، کانفرنس سے شاہ صاحب کے علاوہ وزیر اعظم پاکستان نے بھی خطاب کیا اور قانون توہین رسالت کے حوالہ سے کوئی ترمیم نہ کرنے کا وعدہ کیا، جس سے خوش گوار

ماحول پیدا ہوا۔

یہ علماء سے حکومت کا پہلا براہِ راست رابطہ تھا، جس کے نتیجہ میں حکومت مخالف پروپیگنڈا جھاگ کی طرح بیٹھ گیا۔

میں حکومت پاکستان بالخصوص خورشید شاہ صاحب کو اس کانفرنس کے انعقاد پر کراچی کے علماء کی جانب سے مبارکباد پیش کرتا ہوں، اور درخواست کرتا ہوں، اس قسم کی کانفرنس ہر سال منعقد کی جائے تاکہ حکومت اور علماء دونوں ایک دوسرے کے موقف سے آگاہ ہوسکیں۔ چیف ایڈیٹر نے کراچی کے دیگر علماء کے ساتھ کانفرنس میں شرکت کی۔

تقریب رونمائی: ''قرون اولیٰ کی خواتین اور انکی علمی و دینی خدمات''

وفاقی یونیورسٹی کے قیام سے پہلے بھی اسلامیات کے ساتھ عربی کی تدریس کا سلسلہ جاری تھا۔ یونیورسٹی کے قیام کے بعد جہاں متعدد نئے شعبہ جات قائم ہوئے وہیں شعبہ عربی کا قیام بھی عمل میں آیا۔ شعبہ کے پہلے نگران وصدر جناب ڈاکٹر قاری بدر الدین صاحب مقرر ہوئے۔ شعبہ عربی میں اس وقت ایک سو پچیس (۱۲۵) طلبہ وطالبات ایم۔اے عربی (ماسٹر) تک کی تعلیم حاصل کرر ہے ہیں۔

صدر شعبہ جناب ڈاکٹر قاری بدر الدین صاحب کی کاوش ''قرون اولیٰ کی خواتین اور انکی علمی و دینی خدمات'' کی شعبہ عربی کے زیر اہتمام تقریب رونمائی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ جس کی صدارت وائس چانسلر جناب ڈاکٹر محمد قیصر صاحب نے فرمائی اور جس میں متعدد دینی، علمی وادبی شخصیات نے شرکت فرما کر تقریب کی رونق کو دوبالا فرمایا۔

خطاب: ڈاکٹر محمد ثانی صاحب

لقد من الله على المومنين اذبعث فيهم رسولاً من انفسهم يتلوا عليهم أيته ويزكيهم ويعلمهم الكتٰب و الحكمة وان كانو من قبل لفي ضلٰل مبين ○

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ آپ ﷺ کی بعثت سے پہلے عورت کو کوئی مقام ومرتبہ حاصل نہ تھا، رسالت مآب ﷺ نے جس طرح دین کے نور سے اور توحید کی روشنی سے دنیا کو منور کیا، اور انسانی معاشرے میں انقلاب برپا کیا اور اس کے اثرات جو مرتب ہوئے، ان سے دنیا

نے ایک نئی کروٹ لی، انسان کو عزت و عظمت عطا ہوئی، دنیا حقیقی علم و نور سے منور ہوئی۔

اسلام سے قبل دنیا میں عورت کا مقام قرآن مجید کی ایک آیت سے واضح ہوتا ہے۔

"واذا بشر احدھم بالانثیٰ ظل وجهه مسوداوهو كظيم" ○

محمود شکری آلوسی نے اپنی کتاب "**علوم العرب فی احوال العرب**" میں عاصم تمیمی کے بارے میں ذکر کیا کہ انہوں نے گیارہ یا بارہ بچیوں کو زندہ درگور کیا تھا۔ یہ نہ صرف عرب میں تھا بلکہ تمام معاشروں میں عورت کے ساتھ برا سلوک کیا جاتا تھا۔ عیسائیت جو کہ حقوق نسواں کی علمبردار بنی ہوئی ہے انکے گرجاؤں میں یہ فیصلے کیے جاتے تھے کہ ایا عورت کو انسان کہا جا سکتا ہے یا نہیں؟؟؟

اس دور میں آپ ﷺ نے خواتین کے سروں پر عزت کا تاج رکھا اور ذلت سے رہائی عطا فرمائی،

پروفیسر محمد شفیع آزاد صاحب نے کہا:

مئولف موصوف نے اس کتاب میں قرآن و حدیث کی روشنی میں اپنے منتخب موضوع کی حقانیت کو حتی المقدور ثابت کرنے کی کوشش کی ہے، میں مئولف موصوف کی اس بے نظیر کاوش پر تہہ دل سے مبارک باد دیتا ہوں۔

پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب نے کہا:

مئولف موصوف نے اس کتاب کو بڑی عرق ریزی کے ساتھ کتاب و سنت کی روشنی میں مرتب کیا ہے۔ انہوں نے اخلاص اور للّٰہیت سے جو کام کیا اسکا دنیاوی اور اخروی فائدہ یقیناً بر آمد ہوگا، حق تعالیٰ قاری صاحب موصوف کی تالیف کو قبول فرما کر انکے لیئے ذخیرہ آخرت اور عام مسلمانوں کے لیئے مفید اور قابل عمل بنائے اور مئولف موصوف کو آئندہ اس طرح کی خدمات کا موقع عطا فرمائے۔

موصوف جب میرے پاس (Ph.D) کے داخلے کے سلسلے میں آئے تو میں نے سوچا کہ ان کو ایسا موضوع دیا جائے جو افادیت کا حامل ہو اور معاشرے میں اس سے روشنی پھیلے۔ آج کل دنیا میں جدت پسندی اور نام نہاد ترقی کے نام پر جو بے حیائی اور بے غیرتی کا

سیلاب آیا ہوا ہے اسے اسلام کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے ایسے الزامات اوراعتراضات کا جواب دینے کے لیئے یہ کتاب مرتب کی گئی ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر قاری بدرالدین صاحب نے کہا:

سب سے پہلے مہمانان کرام صحافی حضرات کا ممنون ومشکور ہوں جنہوں نے تقریب میں شرکت فرما کر ہماری حوصلہ افزائی فرمائی۔

اللہ کے فضل وکرم بزرگوں کی دعاؤں اوراساتذہ کی شفقت اور رہنمائی سے بندۂ حقیر نے ''قرون اولیٰ کی خواتین اور انکی علمی و دینی خدمات'' کے عنوان پر ایک کتاب مرتب کی ہے۔اس کتاب کو مرتب کر کے مجھے حقیقی خوشی محسوس ہو رہی ہے کیونکہ یہ عصر حاضر کی ایک بہت بڑی ضرورت ہے جس کا لکھا جانا وقت اور حالات کا تقاضا تھا، کیونکہ دنیا میں آجکل اسلام کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے والوں اور جدت پسندی کا نعرہ لگانے والوں کا سب سے بڑا ہتھیار عورت ہے جس کو انہوں نے آزادی نسواں مکمل مساوات اور ہر معاملے میں برابری کا جانسہ دیکر شرم وحیا اور تقدس کا لبادہ اتار کر پستیوں میں اترنے پر مجبور کر دیا ہے، اور اسکے دماغ میں اسلام کی تصویر مسخ کر کے اسے یہ باور کرانے کی کوشش کی جاتی ہے کہ اسلام اسے پابند سلاسل کر کے اسکے حقوق کا گلا گھونٹنا چاہتا ہے، ایسے الزامات اوراعتراضات کا جواب دینے اور انکا قلع قمع کرنے کیلیئے یہ کتاب مرتب کی گئی ہے۔جس میں قرآن وسنت کی روشنی میں عورت کے اصل مقام اور رتبے کو نمایاں کرنے کی بھرپور کوشش کی گئی ہے اوران تمام شکوک وشبہات کا ازالہ کیا گیا ہے، جنکا زہر موجودہ نسل کی رگ رگ میں اتارا جارہا ہے۔

محترم ڈین جناب پروفیسر فاروق پرویز مغل صاحب نے کہا:

قاری صاحب اس بین الاقوامی اہمیت کے حامل موضوع پر کتاب لکھی ہے اس مبارک باد کے مستحق ہیں اس لیئے کہ ہیومن رائٹس (Human Rights) ایک بین الاقوامی موضوع ہے۔

رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر قمرالحق صاحب نے کہا:

میں بھی ایک استاذ ہوں، رجسٹرار اب مقرر ہوا ہوں، قاری صاحب ہمیشہ سے ہماری

سرپرستی فرماتے رہے ہیں۔کلچر مذہب اور زبان کو پھیلانے میں عورت خاص کردار ادا کرتی رہی ہے۔اگر چہ جہاد میں عورتیں سامنے نہیں ہوتی لیکن در پردہ وہی مردوں کو اس عظیم مقصد کے لیئے تیار کرتی ہیں اوران کے گھر بار کی حفاظت کرتی ہیں۔

پروفیسر ڈاکٹر سیما ناز صاحبہ نے کہا:

مئولف موصوف سے جب بھی ملاقات ہوئی ہمیشہ متاثر ہوئی اور کچھ نہ کچھ سیکھنے کی کوشش کی۔قرون اولیٰ کی خوتین کا مثالی کردار سامنے رکھ کر ہمیں اپنا مقام و مرتبہ شریعت کے تقاضوں کے مطابق حاصل کرنا چاہیۓ۔میں آخر میں وائس چانسلر صاحب سے درخواست کرتی ہوں کہ وہ اس ہمہ گیر اہمیت کی حامل موضوع کی کتاب کا انگلش میں ترجمہ کروائیں تاکہ مغربی ممالک اسلام کی حقانیت اوراسلام میں خوتین کے حقوق کو جان سکیں۔

وائس چانسلر جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد قیصر صاحب نے کہا:

یہ امر میرے لیئے باعث مسرت ہے کہ پروفیسر ڈاکٹر قاری بدرالدین صاحب (چیئرمین شعبہ عربی) نے خواتین کے مقام و مرتبہ پر ایک کتاب مرتب کی ہے اس کتاب میں مختلف تہذیبوں میں خواتین کی خدمات کے متعلق سیر حاصل بحث کی ہے، یہ کتاب علمی زاویہ نگاہ سے اور سماجی زندگی میں خواتین کے کردار پر بھر پور روشنی ڈالتی ہے۔زیر نظر کتاب میں اس بات کو واضح کرنے کی بھر پور کوشش کی گئی ہے کہ ظہور اسلام کے نتیجے میں خواتین کو وہ مقام و مرتبہ حاصل ہوا جو آج کی جدید معاشرے کی خواتین کو بھی حاصل نہیں۔یہ کتاب اسلام کو ایک روشن خیال معتدل مذہب کی حیثیت سے پیش کرتی ہے، جس میں خواتین کو اعلیٰ مقام و مرتبہ حاصل ہے۔میری رائے میں قاری صاحب نے یہ کتاب تالیف کر کے بڑی خدمت سرانجام دی ہے اور میں اس کتاب کا انگلش میں ترجمہ کروانے کا اعلان کرتا ہوں۔

پروفیسر ڈاکٹر سلیمان ڈی محمد صاحب نے کہا:

میں تمام مہمانان گرامی کا ممنون و مشکور ہوں جنہوں نے اس تقریب رونمائی میں شرکت فرما کر ہماری حوصلہ افزائی فرمائی۔

اسلام میں پہلی شہادت ایک عورت کو نصیب ہوئی۔قرآن مجید میں جہاں آزمائشوں

ومشکلات کو بیان کر کے ان پر صبر واستقامت کی تلقین کی گئی وہاں **"ان الصفا والمروة من شعائر الله"** ہی ایک عورت کی استقامت وصبر کو بطور مثال اور نمونہ پیش کیا کہ جسطرح ایک عورت ذات نے صبر واستقامت کا مظاہرہ پیش کیا تم بھی مشکلات میں صبر واستقامت کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دو، میں اس کی تالیف پر مصنف کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

علماء ومشائخ کانفرنس ۲۰۱۱ء بعنوان "مذہبی رواداری وبین المذاہب یگانگت"

﴿رپورٹ پروفیسر محمد مشتاق کلوٹا﴾

پاکستان کے دارالخلافہ اسلام آباد میں علماء ومشائخ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ملک بھر سے جید علماء کرام کو مدعو کیا گیا جنہوں نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ دہشت گردی، عدم برداشت، انتہا پسندی اور تشدد کے بڑھتے ہوئے رجحان کو روکنے کے لیے "مذہبی رواداری" کے عنوان سے کانفرنس کا انعقاد کر کے حکومت پاکستان نے ایک قابل تحسین قدم اٹھایا جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ مذہبی رواداری کی سب سے زیادہ ضرورت آج کے دور میں ہے۔ آڈیٹوریم نیشنل لائبریری کے اسٹیج پر وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سید خورشید احمد شاہ، وزیر مملکت برائے مذہبی امور محترمہ شگفتہ جمانی، سیکریٹری مذہبی شوکت حیات درانی، قاری حفیظ جالندھری، مولانا غلام محمد سیالوی، محمد یاسین ظفر اور علامہ سید نیاز حسین نقوی تشریف فرما تھے۔ کانفرنس کا آغاز قاری بزرگ شاہ الازہری نے سورہ المائدہ کی آیت نمبر ۴۸ کی تلاوت سے ہوا اور بعد از تلاوت سید زوہیب مسعود نے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی۔ جس کے بعد سیکریٹری مذہبی امور شوکت حیات درانی نے وزارت مذہبی امور کی جانب سے سپاس نامہ پیش کیا۔ انہوں نے سپاس نامہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ "یہ ایک اہم موضوع ہے، معاشرے میں عدم برداشت کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے اور ایک ناسور کی حیثیت اختیار کر گیا ہے۔ اس پر غور وفکر کی ضرورت ہے۔ ۱۹۷۳ء میں متفقہ جمہوری آئین تشکیل پایا۔ حقیقی اسلامی تعلیمات کا فروغ مذہبی امور کے فرائض میں شامل ہے۔ اس وقت مسلمانوں کی تعداد ڈیڑھ ارب ہے جب کہ غیر مسلموں کی تعداد تقریباً ساڑھے پانچ کروڑ ہے۔ انسان کا مذہب کے حوالے سے جذباتی ہونا

ایک فطری عمل ہے۔ ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم دوسرے مذاہب کا احترام کریں اور برائی کا قلع قمع کریں۔"

اس کے بعد وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سید خورشید احمد شاہ نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ وزیر اعظم کے بے حد شکر گزار ہیں کہ انہوں نے اپنے مصروفیات میں سے وقت نکالا۔ انہوں نے کہا کہ یہ موضوع دنیا کے موجودہ حالات میں اہمیت کا حامل ہے۔ انسان ہی انسان کا دشمن ہے۔ انسان دہشت گردی کا شکار ہورہا ہے۔ اگر آج کے دور میں تمام مذاہب اپنے ماننے والوں کو اچھائی کی طرف راغب کردے تو یقیناً انسانیت کا قتل عام بند ہوسکتا ہے۔ عالمی دہشت گردی کے خاتمے اور انسانی مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ کوششیں کرنی ہونگی۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ ٹھوس منصوبہ بندی کی جائے، مختلف مذاہب کا احترام کیا جائے، اقلیتوں کو تحفظ دیا جائے اور ان کے حقوق ادا کیے جائے۔ اسلام امن، سلامتی اور عدل کا مذہب ہے۔ امن عامہ کے فروغ کے لیے مسلمانوں کے ساتھ دوسرے مذاہب کا ویسا احترام کرنا ہوگا جس طرح دین اسلام ہمیں سکھاتا ہے۔

وزیر مملکت برائے مذہبی امور محترمہ شگفتہ جمانی نے علماء مشائخ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذہبی رواداری کا موضوع ہمیشہ سے توجہ طلب رہا ہے۔ اگر آپس میں مفاہمت اور مذہبی رواداری اختیار کرلی جائے تو اس سے ایک دوسرے کو قریب لاتے ہوئے مختلف ثقافتی سرگرمیوں کو پنپنے کا موقع ملتا ہے۔ اسلامی اقدار کو فروغ دینا ہماری اولین ترجیح ہے۔ اسلام امن و آشتی کا دین ہے۔ اس کا اہم مقصد یہ بھی ہے کہ بنی نوع انسان پر سلامتی کی راہیں کھول دی جائیں۔ قرآن ہر اس چیز کو معروف قرار دیتا ہے جس سے معاشرہ میں اچھائی پھیلتی ہے۔ اسلامی کے بنیادی اصولوں کی روشنی میں ایک ایسا معاشرہ تشکیل دیا جائے جو کہ مثالی ہو۔ ہمیشہ سے علماء کرام نے قوم کی رہنمائی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے بھی ہمیشہ مفاہمت اور رواداری کا درس دیا۔

اس کے بعد ملک سے بھر آئے ہوئے جید علماء کرام کا خطاب شروع ہوا جس میں سب سے پہلے قاری محمد حنیف جالندھری (جنرل سیکریٹری وفاق المدارس) کو خطاب کے لیے مدعو کیا گیا۔

انہوں نے کہا کہ اسلام رواداری، رحمت، محبت، امن و آشتی کا مذہب ہے۔ یہ عالمگیر دین ہے۔ اسلام وہ واحد دین ہے جو رواداری اور ہم آہنگی کا دین ہے اور یہ دین سب سے زیادہ رواداری پر زور دیتا ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر حضرت محمد ﷺ تک تمام انبیاء پر ایمان لانا ہم سب پر فرض ہے اور ہمارا ایمان اس وقت تک مکمل نہیں ہوتا جب تک ہم انبیاء اور دیگر کتب آسمانی پر ایمان نہیں لاتے۔ قرآن کریم نے مختلف انبیاء کرام کا ذکر کیا ہے۔ قرآن کے اندر واحد سورت ہے جو کہ حضرت مریم کے نام پر ہے۔ اسی قرآن میں ہمیں حضرت مریم اور اس حضرت آسیہ کا تذکرہ ملتا ہے۔ اسلامی تاریخ مذہبی رواداری کے بے شمار واقعات سے بھری ہوئی ہے۔ عیسائیوں کے ساتھ معاہدات کیے۔ اس حوالے سے معاہدہ نجران مشہور و معروف ہے۔ عیسائیوں کا ایک وفد جب نجران سے مدینہ منورہ تشریف لایا تو آپ ﷺ نے انہیں مسجد نبوی ﷺ میں ٹھہرایا اور انہیں اپنے مذہبی طریقے سے عبادت کرنے کی اجازت دی، یہاں تک کہ یہودی کا جنازہ گزرا تو اس کے لیے بھی احتراماً کھڑے ہو گئے۔ اسلام صرف مکالمہ اور بات چیت پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ پُر امن بقائے باہمی کا درس دیتا ہے۔ قرآن میں موجود ہے کہ لا اکراہ فی الدین۔ آپ ﷺ نے کبھی بھی زبردستی نہیں کی بلکہ ہمشہ رواداری سے کام لیا اور کبھی خود سے معاہدات کو نہیں توڑا۔ آج مفاہمت اور رواداری کی ضرورت پہلے سے زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا جو غیروں میں یہ نظریہ پایا جاتا تھا کہ مذہب کو سوسائٹی سے الگ کر دیا جائے اب وہ معدوم ہوتا ہے جا رہا ہے اور اقوام غیر دوبارہ مذہب کی طرف لوٹ رہی ہے۔ جس طرح اکبر نے "دین الٰہی" کو متعارف کرایا تھا آج پھر اس کا تجربہ کیا جا رہا ہے ایک ہی چھت کے نیچے عیسائی، یہودی، مسلمان عبادت کرتے نظر آتے ہیں مگر یہ تجربہ بھی ناکام ہو گیا اور توجہ حاصل نہیں کر سکا۔ ضروری ہے کہ ہر طبقہ اپنے اپنے عقیدے پر قائم رہے اور دوسرے کے وجود کو خندہ پیشانی سے تسلیم کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان وہ واحد ملک ہے جہاں اقلیتوں کو مکمل حقوق حاصل ہیں۔ بلدیاتی اداروں سے لیکر ایوان بالا تک اقلیتوں کے لیے نشستیں اور ملازمتوں میں کوٹہ مخصوص ہے۔ پاکستان کے لیے جدت اور شدت دو بڑے چیلنج ہیں۔ جدت نے اجتہاد کو اور شدت نے جہاد کو سوالیہ نشان بنا دیا ہے۔

وفاق المدارس کے نمائندہ مولانا غلام محمد سیالوی نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضرت محمد مصطفی ﷺ کی پیدائش امن والے شہر مکہ میں ہوئی۔ آپ ﷺ صبر کا پیکر

بنے رہے۔ مصائب، تکالیف اور پریشانیوں کو خندہ پیشانی سے برداشت کرتے رہے اور ہمیشہ مذہبی رواداری کا درس دیتے رہے۔ ہمیں معاشرے میں تمام گروہوں اور طبقات کو تسلیم کرتے ہوئے ان کے حقوق کو بھی تسلیم کرنا ہوگا۔ اسلام ہمیشہ سے تصادم کے خلاف رہا۔ دہشت گردی کے وجہ سے فاصلے بڑھتے جارہے ہیں۔ ضروری ہے کہ الفت، محبت اور مودت کی فضا قائم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ توہین رسالت اور توہین قرآن پر خاموشی قطعاً جائز نہیں۔

محمد یاسین ظفر (ڈپٹی سیکریٹری مدارس سلفیہ) نے کہا کہ مذہبی رواداری کی اہمیت و ضرورت ہر جگہ محسوس کی جاتی رہی ہے۔ اس کے لیے تمام مذاہب اور مسالک سنجیدہ کوششیں کرتے رہے ہیں۔ اختلاف رائے فطرتی عمل ہے۔ تاہم ہمیں اختلاف اور مخالفت میں فرق کو سمجھنا ہوگا۔ اختلاف سے نئی راہیں کھلتی ہیں جبکہ مخالفت سے دشمنی بڑھتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اختلاف رائے کو برداشت کریں اختلافات دوسروں کے دلائل اور منطق کو سمجھنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ اسلام میں اختلاف کی گنجائش موجود ہے۔ قومی، سیاسی، علاقائی رواداری کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ اس کے لیے مدارس کے پلیٹ فارم کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

علامہ سید نیاز حسین نقوی (وفاق المدارس شیعہ پاکستان) نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیں مشرک کو بھی برا بھلا نہیں کہنا چاہیے۔ جبکہ مشرک کو برا بھلا کہنے کی اجازت نہیں تو پھر ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان کو برا بھلا کہنا کس طرح جائز ہے۔ اسلام کے معنی ہی رواداری کے ہیں۔ مسلمان وہی ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہے۔ لفظ اسلام میں رواداری اور محبت موجود ہے۔ اگر ہم فرقہ بندی کو ختم نہیں کرسکتے تو فرقہ وارایت کو ختم کردیا جائے۔

جمعیت اتحاد العلماء پاکستان کے صدر مولانا عبدالمالک نے کہا کہ رواداری کے ہرگز یہ مطلب نہیں کہ ظلم برداشت کیا جائے۔ حملہ آوروں کے سامنے جھکنا رواداری نہیں۔

ان کے علاوہ جمعیت اہلحدیث کے نائب صدر علامہ زبیر احمد ظہیر، خطیب جامعہ نعیمیہ راغب حسین نعیمی، خطیب بادشاہی مسجد عبدالکبیر آزاد، پیر مفتی خالد حسین، علامہ سید نیاز حسین نقوی نجفی، علامہ ساجد حسین نقوی اور علامہ سعید احمد صدیقی صاحب نے بھی خطاب فرمایا۔

کانفرنس کے آخر میں وزیراعظم پاکستان جناب سید یوسف رضا گیلانی نے خطاب کیا

اور مختلف علماء کرام کی جانب سے اٹھائے گئے سوالات کے جوابات بھی دیئے۔اس اہم موقع پر وزیر اعظم پاکستان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قومی اور بین الاقوامی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے کانفرنس کا انعقاد شاندار قدم ہے۔

علماء کرام سے مخاطب ہوتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اپوزیشن، عدلیہ اور انتظامیہ جب میری بات مان لیتی ہیں تو علماء کرام میری بات کیوں نہیں مانتے؟ قانون پر عمل درآمد سے ہی سب کے حقوق کا تحفظ ہوسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ''ناموس رسالت قانون میں تبدیلی نہیں ہوگی، لیکن کسی بھی قانون کا غلط استعمال نہیں ہونا چاہیے اور نہ کرنے دیں گے۔'' تشدد کے واقعات سے پاکستان کی بدنامی ہوتی ہے اور مغرب میں ان واقعات کو اچھی نظر سے نہیں دیکھا جاتا اس سے بیرون ملک مقیم پاکستان کے لیے بھی مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔لہذا ضرورت اس بات کی ہے کہ اسلام کی صحیح تشخص اجاگر کیا جائے۔جس ملک میں آئین اور قانون پر عمل نہیں ہوتا وہاں جنگل کا قانون ہوتا ہے کیا آپ چاہتے ہیں کہ یہاں بھی جنگل کا قانون ہو اور آئین نہ ہو۔قانون پر عمل درآمد نہیں ہوگا تو کسی کے حقوق کا تحفظ نہیں کرسکتے ۔ ہمارے ہاں کوئی شیعہ، کوئی سنی، کوئی دیوبندی، کوئی بریلوی، کوئی سندھی، کوئی بلوچ، کوئی پٹھان اور کوئی سرائیکی ہے، ہم سب کو پاکستانی بننا اور ایک ہونا چاہیے۔ہم چاہتے ہیں کہ جو حکومت بھی آئے وہ اقلیتوں کو اسی طرح تحفظ دے جیسے موجودہ حکومت دے رہی ہے۔ہم نے سیاسی رواداری کے تحت اپنی داڑھی اپوزیشن لیڈر کے ہاتھ میں دے دی ہے۔بدامنی کا پودا انسانی غلطیوں سے وجود میں آتا ہے۔زبردستی عقیدہ مسلط کرنا اسلام کے ہاں ناپسندیدہ عمل ہے۔تمام فرقے اسلامی تعلیمات کے سرچشمہ قرآن کریم اور سنت رسول ﷺ سے روشنی حاصل کرکے اتحاد و اتفاق کے پیغام کو عام کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں اسلام کی مذہبی رواداری پر مبنی اقدار کو فروغ دینا چاہیے۔عقیدے کے سلسلے میں کسی بھی قسم کی زور زبردستی کی گنجائش نہیں۔اسلام کی درست تشریح، اور معاشرے میں تحمل، برداشت اور رواداری کی تعلیمات کو عام کرنے کی ضرورت ہے۔عالمی دہشت گردی نے دنیا کا سکون تباہ کردیا ،انتہا پسندی اور رجعت پسندی کا راستہ انحطاط اور تباہی کا راستہ ہے، مسلمان اقوام عالم، عالم کی فکری، سائنسی، اقتصادی، اور سیاسی میدان میں قیادت کا فریضہ سرانجام دے سکتے ہیں۔ہمیں ہر قسم کے اختلافات کو بھلا کر ملت اسلامیہ کی سلامتی اور خوشحالی کی طرف دھیان دینا ہوگا۔علماء کرام

اسلام کی صحیح ترجمانی کریں۔آج کی دنیا سائنس و ٹیکنالوجی کی دنیا ہے۔ایک طرف تو انسان تیزی سے آگے سے آگے کی طرف بڑھتا جارہا ہے جبکہ دوسری طرف اس سے زیادہ تیزی کے ساتھ انسان خوف و ہراس، بھوک وافلاس، ظلم وتشدد اور دہشت گردی کے گہرے جہنم میں گرتا جارہا ہے ۔سیاسی رواداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے پرویز مشرف جس نے مجھے ۵ سال جیل میں رکھا معاف کردیا حتیٰ کہ میں نے اس جج کو ملازمت میں توسیع دی جس نے مجھے سزا سنائی۔ادارے مضبوط ہوں گے تو سب کو تحفظ حاصل ہوگا، اگر ادارے کمزور ہوں گے تو مجھ سمیت کوئی بھی محفوظ نہیں رہے گا۔آخر میں علامہ محمود اشرفی نے دعا کروائی۔اس طرح علماء ومشائخ کانفرنس اپنے اختتام کو پہنچی جس میں پاکستان، عالم اسلام اور مغربی اقوام کو یہ پیغام دیا گیا کہ مذہبی رواداری کو اپنا جائے۔
(ختم شد)

قائد ملت گورنمنٹ ڈگری کالج میں ہفتہ طلباء ۲۰۱۱ء کا انعقاد

